# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 06-09- 2026**

**Time : 09:25 / AM**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ عالمی غیر یقینی کیفیت کے باوجود 7 عشاریہ 8 فیصد کی GDP بھارت کی اقتصادی ترقی کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا دیکھ رہی ہے کہ بھارت سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والی بڑی معیشت بن گیا ہے۔ وزیراعظم نئی دلی میں شری رام کالج آف کامرس کی صدسالہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقعہ پر وزیراعظم نے کہا کہ 140 کروڑ بھارتی مل کر ملک کو وکست بھارت اور آتم نربھر بھارت بنانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ....V/o........

فلم فیسٹو

جموں وکشمیر میں کل یعنی 7 سے **10** ستمبر تک منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف جموں وکشمیر کے سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل کی جاچکی ہیں۔ فیسٹول میں شرکت کرنے والے مہمانوں، فلمسازوں اور دیگر شرکا کیلئے تمام طرح کی سہولیات دستیاب رکھی گئی ہیں۔ فیسٹول کے کامیاب انعقاد کیلئے نوڈ آفیسران بھی تعینات کئے گئے ہیں جبکہ سیکورٹی کا بھی خواطر خواہ بندوبست کیا گیا ہے۔ فیسٹول کی افتتاحی تقریب **SKICC** سرینگر میں منعقد ہوگی جبکہ گلمرگ اور جموں میں بھی اس مناسبت سے تقریبات منعقد ہونگی۔

فلم فیسٹول کے دوران **41** ممالک کی **135** فلمیں نمائش کیلئے رکھی گئی ہیں۔ مختلف زمروں میں بہترین فلموں کو انعامات اور اعزازات سے نوازا جائے گا۔ پہلا انعام **25** لاکھ روپے کا ہوگا۔

سکینہ ایتو

وزیرِ تعلیم سکینہ ایتو نے اساتذہ کو تعلیمی نظام کا ایک اہم ستون قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ایک سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے جہاں اساتذہ عزت، اعتماد اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیچر ایلیجبلٹی ٹیسٹ TET کے حوالے سے آئندہ اسمبلی اجلاس کے دوران ایک قرارداد پیش کی جائے گی تاکہ اساتذہ کا ذہنی اضطراب دور کیا جاسکے۔ وہ SKICC سرینگر میں ایک تقریب سے

خطاب کررہی تھیں ۔اس موقعہ پرتعلیم کے شعبے میں نمایاں خدمات انجام دینے والے اساتذہ کو اعزازات سے بھی نوازا گیا۔

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشول گرگ نے دریائے ’جہلم نیشنل واٹروے- 49‘ منصوبے کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے اس منصوبے کی بروقت تکمیل پر زور دیا ہے۔ وہ کل ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران اس منصوبے کی عمل آوری سے مختلف مختلف پہلوؤں کا جائزہ لے رہے تھے۔ میٹنگ کے دوران مختلف محکموں کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ڈویژنل کمشنر نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ضروری تعمیراتی کام کیلئے عوامی خدمات کے ذرائع کی منتقلی کو منصوبوں میں شامل کریں تا کہ اس پروجیکٹ کی معیاد بند تکمیل کو یقینی بنایا جاسکے۔

ایس ایم سی

کمشنر سری نگر میونسپل کارپوریشن فضل الحسیب نے ایک اہم اقدام کے تحت کارپوریشن سے وابستہ صفائی کرم چاریوں کے بچوں کیلئے بہتر تعلیم فراہم کرنے کے مقصد سے ایک خصوصی پروگرام کا آغاز کیا۔اس پروگرام کے تحت کرمچاریوں کے 9 سے 12 جماعت تک کے اہل طالب علموں کو اسکالرشپ ، کوچنگ اور بہتر مستقبل کیلئے دیگر مواقعوں تک رسائی میں معاونت کی جائے گی۔اس موقعہ پر کمشنر موصوف نے کہا کہ یہ اقدام صفائی عملے کی خدمات اور شہر کو صاف رکھنے میں ان کے اہم کردار کے اعتراف میں اٹھایا گیا ہے۔

ڈائریکٹر ایگریکلچر

ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر سرتاج احمد شاہ نے زرعی سکیموں اور پروگراموں کی بروقت اور مؤثر عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے مقررہ مدت کے اندر اہداف حاصل کرنے کی افسران کو ہدایت دی۔ انہوں نے دستیاب وسائل کے بہتر استعمال کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ وہ سری نگر اور گاندربل اضلاع میں مختلف زرعی اسکیموں کے تحت موجودہ مالی سال کے لیے مقررہ مالی اہداف کی حصولیابیوں اور اخراجات سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

ڈی سی سرینگر

ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے سرینگر میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور نوجوانوں کی کھیل سرگرمیوں کو بڑھاوا دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔اس سلسلے میں انہوں نے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران کھیلو انڈیا پروگرام کے تحت پنج سالہ ایکشن پلان کا جائزہ لیتے ہوئے شہر خاص میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط

اور اَپ گریڈ کرنے کی متعلقین کو ہدایت دی۔انہوں نے گنجان آباد والے علاقوں میں نوجوانوں کو کھیلوں کی قابل رسائی سہولیات فراہم کی ہدایت بھی دی۔

کرکٹ

خواتین کے ٹی 20 ایشیا کپ کے گروپ اے کے آخری مقابلے میں بھارت نے پاکستان کو 7 وکٹ سے شکست دی ہے۔دبئی انٹرنیشنل سٹیڈیم میں کھیلے گئے اس مقابلے میں پہلے بلے بازی کرتے ہوئے پاکستان کی پوری ٹیم 18 عشاریہ ایک اوور میں محض 55 رن بنا سکی۔

بھارت نے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے صرف 8 عشاریہ 4 اووروں میں 3 وکٹ کے نقصان پر جیت درج کی۔ بھارتی ٹیم کی کپتان ہرمن پریت کور 18 رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہی۔بھارت پہلے ہی ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ چکا تھا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ